# 18-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کولاپور میں ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول کا رکھا سنگ بنیاد۔

۲۔تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے آج دوپہر نلگنڈہ ضلع کے ناگرجنا ساگر میں جینکو پاور ہاؤس کا معائنہ کیا۔

۳۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا کہ ریاستی حکومت بی سی طبقہ کو ہی 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرے گی تو اس پر انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

۴۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے ہنمکنڈہ میں سڑکوں کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا۔

Oil Palm Sitaka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے آئیل پام کاشتکاری پر توجہ دیتے ہوئے اس سے فائدہ اٹھانے کسانوں پر زور دیا۔انہوں نے آج ملگو ضلع کے گوئندا راؤپیٹا منڈل کے چالوائی گاؤں میں ضلع میں پہلی بار فصل کی کٹوائی کیلئے آنے والے آئیل پام کے باغ کا معائنہ کیا۔اس موقع پرانہوں نے کسانوں میں چیکس بھی تقسیم کئے۔ انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسان آئیل پام کی کاشت کرتے ہوئے بہتر آمدنی حاصل کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں پہلی بار آئیل پام کی فصل کٹوائی کیلئے آنا خوشی کی بات ہے۔ضلع میں بہت جلد آئیل پام فیکٹری کا بھی آغاز ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹن آئیل پام کی قیمت 17 ہزار سے زائد ہے۔حکومت آئیل پام کی فصل کیلئے سہولیات بھی فراہم کررہی ہے۔

Sound Byte

vemulawada

بی آر ایس ویملواڑہ اسمبلی انچارج لکشمی نرسمہا راؤ نے کہا کہ راجنا سرسلہ ضلع ویملواڑہ شہر میں سڑکوں کی توسیع کیلئے مکانات سے محروم ہونے والے افراد کو معاوضہ دئے بغیر منہدم کرنا مناسب نہیں ہے۔انہوں نے اس کو عوام کے ساتھ ایک ظلم قرار دیا۔

## Hydra Ranganath

ہائیڈرا کمشنر رنگناتھ نے عوام کو اپنے جائیدادوں کو قبضوں سے بچانے پر زور دیا۔ ہائیڈرا کی پہلی یوم تاسیس کے موقع پر آج حیدرآباد کے بتکماں کنٹہ کے قریب انسانی زنجیر کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ اِس پروگرام میں ضلع کلکٹر ہری چندنا، سابق ایم پی وی ہنمنت راؤ کے علاوہ مقامی عوامی نمائندوں نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سال ستمبر میں بتکماں کا آغاز یہاں سے ہی ہوگا۔ اس کے لئے بتکماں کنٹہ کو ترقی دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں ہائیڈرا نے 500 ایکر سرکاری اراضیات کا تحفظ کیا ہے۔ اس کی مالیت تقریباً 30 ہزار کروڑ سے زائد ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 تالابوں کو بحال کیا گیا ہے اور اس کی توسیع میں بھی دگنا اضافہ ہوا۔ موسیٰ ندی میں جانے والے پانی کو تالابوں میں موڑ دیا جارہا ہے۔ قبضے ہونے والے تالابوں اور کنٹوں کی حفاظت کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائیڈرا سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق ہی کام کررہا ہے۔

## Weather

حیدرآباد میں آج شام سے مختلف مقامات پر بارش ہورہی ہے۔ شہر کے مختلف مقامات میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوگیا جس کی وجہ سے عوام اور گاڑیوں پر جانے والے مسافرین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست میں آئندہ چار دنوں کے دوران بھاری بارش کا امکان ہے۔ ورنگل، محبوب آباد، یدادری، متحدہ ضلع نلگنڈہ، ناگر کرنول، ہنمکنڈہ، ورنگل، رنگاریڈی، محبوب نگر، نارگر کرنول ضلع میں آئندہ دو دنوں تک بھاری بارش کے ساتھ تیز ہوائیں بھی چلنے کا امکان ہے۔

## Nalgonda Electricity Deputy CM

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے آج دوپہر نلگنڈہ ضلع کے ناگرجنا ساگر میں جینکو پاور ہاؤس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر عہدیداروں نے پاور پوائنٹ پرزینٹیشن پیش کیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے ریاست کے تمام ہائیڈرو الکٹرسٹی یونٹوں کو استعمال میں لانے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے مقررہ معیاد میں تمام پروجیکٹوں کو استعمال میں لانے کا مشورہ دیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست میں گزشتہ سال سے دو ہزار میگاواٹ برقی کے طلب میں اضافہ ہوا ہے۔ طلب کے مطابق برقی سربراہی کے اقدامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

BC Reservation Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا کہ ریاستی حکومت بی سی طبقہ کو ہی 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرے گی تو اس پر انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔انہوں نے یہ ریزرویشن صرف بی سی طبقہ کو ہی دینے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ اس میں مسلمانوں کو شامل نہیں کرنا چاہئے۔ جنگاؤں ضلع میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست میں مسلمان صرف 12 فیصد ہے۔مرکزی حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والے ای بی سی ریزرویشن سے وہ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 521 کروڑ کی لاگت سے قاضی پیٹ میں تعمیر کئے جانے والے ریلوے کوچ بیاگن فیکٹری کے ذریعہ ہنمکنڈہ، قاضی پیٹ، بھوپالا پلی، ورنگل، جنگاؤں کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دستیاب ہوں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ بنکاچرلہ کے تنازعہ میں تلنگانہ اور آندھراپردیش کے وزرائے اعلیٰ نے اپنے شخصی ایجنڈہ کو مرکز کے سامنے پیش کیا ہے۔مرکز اس کا مطالعہ کرتے ہوئے فیصلہ لے گی۔

Sound Byte.

Kaleshwaram Vinod Kumar

بی آر ایس لیڈر و سابق ایم پی بی ونود کمار نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کو سابقہ بی آر ایس حکومت نے تعمیر کیا ہے۔ بی آر ایس کی جانب سے تعمیر کئے گئے اس پراجکٹ پر حکومت اپنے رویہ کے ذریعہ کسانوں کو پانی فراہم نہ کرتے ہوئے کسانوں کے ساتھ ناانصافی کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کنے پلی پمپ ہاؤس سے اب 42 ہزار کیوزک پانی بہہ رہا ہے۔صرف اس کے لئے موٹر چالو کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے بلاکسی تاخیر کے فوری طور پر کسانوں کو پانی دینے کا حکومت سے مطالبہ کی۔

Pocharam Srinivas - CMRF

تلنگانہ حکومت کے مشیر و بانسواڑہ کے رکن اسمبلی پوچارام سرینواس ریڈی نے آج اپنے اسمبلی حلقہ بانسواڑہ میں 66 مستحق افراد میں 23 لاکھ کے چیف منسٹر ریلیف فنڈ کے چکس تقسیم کئے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریلیف فنڈ اسکیم غریب خاندانوں کو علاج کیلئے فائدہ مند ثابت ہورہی ہے۔

Jangaon - Yaraballi

بی آر ایس لیڈر و سابق وزیر ایرابلی دیا کر راؤ نے جنگاؤں ضلع کے پالا کرتی اسمبلی حلقہ کے تالابوں، چیک ڈیموں کو دیوادولہ نہر کے ذریعہ فوری طور پر پانی سے بھرنے کا مطالبہ کیا۔ آج انہوں نے دیوا رُو پولا منڈل مادارم گاؤں سے کسانوں اور بی آر ایس کے قائدین کے ساتھ پدیا ترا منظّم کی اور انہوں نے خشک ہونے والے تالابوں اور چیک ڈیموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دیوادولہ کا پانی نہ آنے کی وجہ سے فصلیں خشک ہوگئی ہیں۔ خشک ہونے والی فصلوں کو حکومت کی جانب سے امداد فراہم کرنے کا مطالبہ کیا اور فوری طور پر دیوادولہ کے پانی کو جاری کرنے کی مانگ کی۔ پانی کو جاری کرنے میں تاخیر پر کسانوں کے ساتھ احتجاج کرنے کا بھی حکومت کو انتباہ دیا۔

Ramagundam - MLA

راما گنڈم ایم ایل اے راج ٹھاکر نے آج سنگارینی کے فنڈ سے راما گنڈم میں سڑکوں کے کاموں کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ عوام کی ضروریات کو دیکھتے ہوئے اس کے حل کیلئے کوشش کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سنگارینی کے فنڈ کا بہتر استعمال کرتے ہوئے ترقی کو ترجیح دی جائے گی۔

bhadradri kothagudem - Ponguleti

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع بھدراچلم کے آئی ٹی ڈی اے گریجنا بھون میں منعقدہ اندرا مہیلا شکتی پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے خواتین میں بینک سے منسلک قرضہ جات اور بلاسودی قرضہ جات کے چکس تقسیم کئے۔

sangareddy - Indiramma Illu

سنگاریڈی ضلع کلکٹر پی پروینیا نے سنگاریڈی ضلع میں اندراماں مکانات کی تعمیر میں تیزی لانے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے وٹی پلی منڈل دیوانور گاؤں میں زیر تعمیر اندراماں مکانات کا معائنہ کیا اور کہا کہ سیلف ہلپ گروپس کی خواتین کو مکانات کی تعمیر کیلئے بلاسودی قرض فراہم کیا جائے گا۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے ہنمکنڈہ میں سڑکوں کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اندراماں مکانات کی تعمیر 400 سے 600 گز میں ہی ہونی چاہیئے۔قواعد کی خلاف ورزی کرنے پر اس اسکیم سے محروم ہونا پڑے گا۔اس موقع پر انہوں نے مستحق خاندانوں میں راشن کارڈس،کلیان لکشمی، شادی مبارک اور اسٹیل بینک کے کٹس، اندراماں مکانات کے پٹہ جات بھی تقسیم کئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین اور سلف ہلپ گروپس کے ارکان کی ترقی کیلئے مختلف اسکیمات کو روبہ عمل لا رہی ہے۔

Medak - BJP Ramchander rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے آج میدک ضلع کا دورہ کیا۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت عوام سے کئے گئے 6 وعدوں کو پورا نہ کرتے ہوئے عوام کو دھوکہ دے چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت 12 لاکھ کروڑ روپے ریاست کو فراہم کی ہے لیکن حکومت نے کوئی ترقیاتی کام نہیں کئے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی ترقی بی جے پی حکومت کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔انہوں نے وزیر اعلیٰ سے کہا کہ وہ بی سی طبقہ کی ترقی پر حقیقی دلچسپی رکھتے ہیں تو اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے کر کسی بی سی طبقہ کو وزیر اعلیٰ بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی جے پی بی سی طبقہ کو 42 فیصد ریزرویشن کی فراہمی کے لئے سنجیدہ ذہن رکھتی ہے۔

Sircilla collector

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے خواتین پر زور دیا کہ وہ تجارت میں آگے بڑھیں۔اندرا مہیلا پروگرام کے ضمن میں خواتین تنظیموں کی قیادت میں زرعی کھاد کے دوکانات کا انہوں نے افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ خواتین تنظیموں کی جانب سے ایسے دوکانات کا قیام ریاست میں پہلی بار ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کولا پور میں ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول کا رکھا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ محبوب نگر ضلع میں آب پاشی پراجکٹوں کی لئے اس سال کے دسمبر تک اراضیات کو حاصل کرتے ہوئے دو سال میں ان پراجکٹوں کو پورا کیا جائے گا۔

Sound Byte

○○